اُن ہی کیطرف شرعی مسائل کا حوالہ فرمایا ہے۔ اس صورت میں شرعیات میں اُن کی تقلید ضرور ہے مگر احکام ولایت میں
اُن کی تقلید ناجائز ہوگی جیسا کہ ہمنے پہلے بیان کیا ہے حاصل یہ کہ دین کے دو قسم ہیں عقاید و عملیات۔
عقاید مقام نبوت میں قرآن۔ خبر متواتر۔ اجماع سے۔ اور ان چیزوں سے جن کو رسول اللہ صلعم نے ضروریات
دین میں شمار فرمایا ہے ثابت ہونگے مگر مقام ولایت میں اصول مذکورہ اور مہدی عم کے اُن اقوال سے عقائد ثابت ہونگے
جو کہ صحابہ و تابعین کے زمانہ میں متواتر مشہور رہوں۔ اس کا خلاصہ یہ ہوا کہ وہ اقوال مہدی جو صحابہ و تابعین کے
زمانہ میں متواتر مشہور نہیں ہیں وہ واجب الاعتقاد نہ ہونگے۔ کیونکہ ایسے اقوال یقین کیلئے مفید نہیں ہیں
پس یہ امور جن سے یقین کا افادہ ہوتا ہے واجب الاعتقاد ہونگے اور یہ وہی اصول مذکورہ ہیں جو اوپر ذکر کئے گئے اور تابعین کا
اجماع جبکہ وہ صحابہ کے اجماع سے مخالف ہو تیسرا اصل یعنی اجماع صحابہ سے لاحق ہے۔ عملیات مقام نبوت میں اصول مذکورہ
اور خبر واحد اور قیاس سے ثابت ہوتے ہیں اور مقام ولایت میں اصول مذکورہ اور خبر واحد سے جو کہ سیدنا مہدی سے مروی
اور بہ صحیح الاسناد ثابت ہونگے۔ اور صحابہ سے اُن لوگوں کی تقلید واجب ہوگی جن کی اقتدا کیلئے مہدی نے تصریح فرمائی
جیسا کہ مولانا سید محمود رض کہ آپکی اقتدا کرنیکے لئے حضرت سیدنا مہدی نے تصریح کی تھی چنانچہ آپنے فرمایا کہ میری صحبت کی مثال
انگیٹھی کی ہے کہ اس میں بعض کوئلے پوری سلگ گئے ہیں اور بعض کچھ سلگے ہیں۔ مگر جب سید محمود کے پاس حاضر ہونگے
سب سلگ جائینگے۔ اس سے ظاہر ہے کہ جسکی اقتدا کیلئے حضرت مہدی نے تصریح نہیں کی ہے اون کی اقتدا واجب نہیں ہے
بلکہ ضرور ہے کہ اون کی اقوال مطابقت مذکورہ اصول سے کیجائے اگر مطابق ہوں تو اون کی اقتدا واجب ہے اور اگر
مخالف ہوں تو اصول مذکورہ واجب العمل ہونگے۔ دانائے تجربہ کار پر یہ امر چھپا ہوا نہیں ہے کہ جو حکم کہ خبر واحد سے
یا قیاس سے ثابت ہوا ہے اگر اوس سے سیدنا مہدی کا حکم معارض ہو تو آپکے قول پر عمل کرنا ضرور ہوگا کیونکہ آپ معصوم ہیں
آپکے قول میں خطا کا احتمال نہیں ہے اور خبر واحد و قیاس میں خطا کا احتمال ہے پس اس صورت میں یہ کلام
کہ ایمان زاید و ناقص ہو سکتا اور امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنا اور مومن فاسق دوزخ میں جائیگا اور ابوبکر صدیق
کا ایمان تمام امت کے ایمان سے بڑھ کر ہے اور اُن کے سوا دوسرے احکام جو خبر واحد سے ثابت ہوئے ہوں احکام
مہدی کے مقابلہ میں جو ان احکام سے متعارض ہوں جائز العمل اور واجب الاعتقاد نہونگے جن کا ذکر عنقریب ہوگا
یہ امر بھی جاننے کے لائق ہے کہ مہدویہ کے عقاید کیا ہیں میں کہتا ہوں کہ مہدویہ کے عقاید وہی ہیں جو اہل سنت کے
عقاید ہیں مگر بعض مسئلوں میں جن کو ہم بیان کرینگے۔ خلاف ہے ملاحظہ فرمائی کہ مہدویہ کے عقاید میں سے خدا تعالیٰ
ایک اور بے نیاز ہے کیونکہ فرماتا ہے کہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ یعنے وہ ایک ہے اور بے نیاز ہے
اللہ تعالیٰ زندہ اور اپنی ذات سے قایم ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے۔ اللّٰہ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ
الْقَیُّوْمُ۔ (یعنے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہی زندہ

القیوم۔ عالم الاشیاء لانہ قال لایعزب عنہ مثقال ذرۃ فی السموات
ولا فی الارض۔ قدیر لانہ قال اِنَّ اللہ علیٰ کُلِّ شیءٍ قدیر۔ سمیع
وبصیر لانہ قال وھو السمیع البصیر۔ شائی لانہ قال یفعل ماشاء
ویحکم مایرید۔ کلیم لانہ قال وکلم اللہ موسیٰ تکلیما
ازلی قدیم ابدی لانہ قال ھو الاول والآخر والظاھر والباطن
وھو بکل شیءٍ علیم۔ خالق۔ لانہ قال ذلکم اللہ ربکم لا اِلٰہ الا
ھُوَ خالق کُلِّ شیءٍ فاعبدوہ وھو علیٰ کُلِّ شیءٍ وکیل۔ رزاق
لانہ قال ومَا مِن دَابّۃٍ اِلّا علی اللہ رزقھا وقولہ تہدیدا وازعاجا
ومن یرزقکم من السماء والارض ءالٰہ مع اللہ قل ھاتوا برھانکم
ان کنتم صادقین محی وممیت لانہ قال لہ ملک السموات
والارض یحیی ویمیت وھو علیٰ کُلِّ شیءٍ قدیر۔ قاھر۔ لانہ قال
ان اللہ ھو الواحد القھار۔ جائز الرویۃ لانہ قال من کان
فی ھذہ اعمیٰ فھو فی الآخرۃ اعمیٰ وقال وجوہ یومئذ ناظرۃ
الیٰ ربھا ناظرۃ وقال لاتدرکہ الابصار۔ لانہ نفی الادراک
لانفی الرویۃ وارادتھا مجاز فیترک بامکان الحقیقۃ لانہ
لایصار الیہ الاوقت التعذر لاکفو لہ ولاشریک لانہ
قال ولم یکن لہ کفوا احد۔ وقال سبحان اللہ عما یشرکون
لاحد لہ لانہ لایتم الابعد الادراک ذاتہ ممتنع ولیس فے
مکان وزمان لانہ خالق المکان والزمان کما قال

القیوم یعنے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہی زندہ اور قائم رہنے اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو جانتا ہے
کیونکہ وہ فرماتا ہے لا یعزب عنہ مثقال ذرۃ فی السموات ولا فی الارض یعنے اُس کے علم سے آسمان
و زمین میں ایک ذرہ بھی باہر نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ قادر ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے کہ اِنَّ اللہ علیٰ کل شیء قدیر یعنے اللہ تعالیٰ
ہر ایک چیز پر قادر ہے اللہ سنتا اور دیکھتا ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے وھو السمیع البصیر یعنے سنتا ہے اور دیکھتا ہے اللہ تعالیٰ ارادہ اور
مشیت کرتا ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے یفعل ما یشاء و یحکم ما یرید یعنے جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے اور جو کچھ ارادہ فرماتا ہے
حکم دیتا ہے اللہ تعالیٰ کلام کرتا ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے وکلم اللہ موسیٰ تکلیما۔ یعنے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیٰ نبینا
وعلیہم السلام سے بے حرف و بے صوت کلام فرمایا اللہ تعالیٰ ازلی ہے قدیم ہے ابدی ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے ھو الاول والآخر والظاہر
والباطن وھو بکل شیء علیم یعنے اللہ اول ہے اور آخر ہے اور ظاہر ہے اور باطن ہے اور ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خالق ہے کیونکہ وہ
فرماتا ہے ذلکم اللہ ربکم لا الٰہ الا ھو خالق کل شیء فاعبدوہ وھو علی کل شیء وکیل یعنے یہ تمہارا پروردگار ہے اُس کے سوا دوسرا کوئی
معبود نہیں ہے وہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے تو اس کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز پر محافظ ہے اللہ تعالیٰ رزاق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
وما من دابۃ الا علی اللہ رزقھا یعنے کوئی ایسا زمین پر چلنے والا نہیں ہے جس کی روزی خدا پر نہ ہو۔ اور نیز اللہ تعالیٰ دھمکی اور جھڑکی سے فرماتا ہے
ومن یرزقکم من السماء والارض ءالٰہ مع اللہ قل ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین یعنے زمین و آسمان سے تم کو رزق کون دیتا ہے
کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوسرا بھی ہے محمد تم ان کو کہدو کہ تم اسکی دلیل لاؤ اگر تم سچے ہو۔ زندہ کرنے والا اور مارنے والا اللہ تعالیٰ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کہتا ہے
لہ ملک السموات والارض یحیی ویمیت وھو علی کل شیء قدیر یعنے اللہ تعالیٰ کیلئے آسمانوں اور زمین کا ملک ہے وہی مارتا ہے اور
زندہ رکھتا ہے اور وہی اللہ ہر ایک چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قاہر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ ایک ہے اور زبردست قاہر ہے دنیا میں
اللہ تعالیٰ کی رویت ممکن ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے من کان فی ھذہ اعمیٰ فھو فی الآخرۃ اعمیٰ یعنے جو شخص دنیا میں اندھا ہے وہ آخرت میں اندھا ہے اور نیز
فرمایا کہ وجوہ یومئذ ناظرۃ الیٰ ربھا ناظرۃ یعنے بعض لوگ قیامت کے دن اپنے پروردگار کو دیکھینگے اس طریقہ پر کہ وہ تر و تازہ یعنے خوش ہونگے
اور نیز فرماتا ہے کہ لا تدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار یعنے آنکھیں اسکو پا نہیں سکتیں اور اللہ تعالیٰ اُن کو دریافت کر سکتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے
ادراک ذات کی نفی کی ہے رویت کی نفی نہیں فرمائی۔ اور ادراک سے رویت مراد لینا مجاز ہے اور مجاز اس حالت میں کہ حقیقی معنی ممکن ہو سکیں ترک
ہوتا ہے کیونکہ حقیقی معنی کا استعمال دشوار ہونیکی صورتمیں مجاز مراد ہوتا ہے۔ اللہ کا کوئی مثل اور شریک نہیں ہے کیونکہ فرماتا ہے ولم یکن لہ کفوا
احد۔ یعنی اس کا کوئی مثل نہیں ہے اور نیز فرماتا ہے کہ سبحان اللہ عما یشرکون یعنے جو لوگ اللہ کا شریک بناتے ہیں وہ اُس سے پاک ہے
اللہ کو حد نہیں ہے کیونکہ حد ادراک کے بعد ہوتی ہے اور اسکی ذات کا ادراک ممتنع ہے اور اللہ زمان و مکان میں نہیں ہے کیونکہ اللہ مکان اور زمان
کا خالق ہے چنانچہ فرماتا ہے ھو الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام ثم استوی علی العرش یعنے اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے آسمان
اور زمین پیدا کئے اور پھر عرش کی طرف مستقیم ہوا اور نیز فرمایا انی وجھت وجھی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من
المشرکین یعنے میں اوس ذات کی طرف متوجہ کیا ہوں جس نے آسمان و زمین پیدا کئے اور میں ہرگز مشرکوں سے
نہیں ہوں۔ اور نیز فرمایا

(ھو الذی)

هو الذی خلق السموات والارض فی ستة ایام ثم استوی علی
العرش وقال انی وجهت وجهی للذی فطر السموات والارض
حنیفا وما انا من المشرکین وقال وهو الذی خلق السموات
والارض بالحق ویوم یقول کن فیکون لا حاکم سواه لانه
قال الیس الله باحکم الحاکمین۔ لا یدرك ذاته کما قال
لا تدرکه الابصار فانه یدرك الابصار۔ القران کلام الله
غیر مخلوق۔ لانه ازلی لا اول له فکلامه کذلك واحدوثه
المعتزلة فی حدوثه محدثة لا اصل له۔ یهدی من یشاء
ویضل من یشاء لانه قال کذلك۔ ولم یشاء ایمان الکل
لانه قال ولوشاء ربك لامن من فی الارض کلهم جمیعا
والعباد لا یخلقون بانفسهم اعمالهم لانه قال هو خالق
کل شیئ فاعبدوه۔ بل یکسبونها۔ وللمعتزلة فی هذا القول
حدیث یختلون الاغنیاء بهم وما هو الا سراب للظماء لتوقد
العطش فی الرمضاء۔ انه تعالی یرضی بالایمان ولا یرضی بالکفر
لانه قال ولا یرضی لعباده الکفر ولا یکلفهم الا حسب
استطاعتهم لانه قال لا یکلف الله نفسا الا وسعها
والاصلح لیس بواجب علیه بل هو لطیف علیهم یفعل
بمقتضی الرافة والجود لانه قال والله لطیف بالعباد عذاب
القبر للکافرین حق لانه قال النار یعرضون علیها غدوا

هو الذی خلق السموات ۔ الارض بالحق ویوم یقول کن فیکون یعنے اللہ وہ ہے جس نے آسمان و زمین
پیدا کئے اور جس دن اللہ نے ہو کہا سب ہو گئے۔ اوس کے سواے دوسرا کوئی حاکم نہین ہے کیونکہ
اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے الیس اللہ باحکم الحاکمین یعنے اللہ تعالیٰ سب حاکمون کا بڑا حاکم ہے۔ اللہ تعالیٰ کی
ذات اور صفات کا ادراک نہین ہو سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لا تدرکہ الابصار وانہ یدرک
الابصار۔ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور غیر مخلوق ہے کیونکہ جب اللہ تعالیٰ ازلی ہے تو اسکا کلام
بھی ازلی ہوگا۔ اور معتزلہ کی نئی نکالی ہوئی باتین جو قرآن شریف کے حادث ہونے مین مشہور ہین۔
الکل بدعت ہین۔ اللہ ہی ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہی گمراہ کرتا ہے۔ کیونکہ اُس نے فرمایا ہے یہدی من یشاء
ویضل من یشاء۔ اللہ تعالیٰ نے ساری خلائق کا ایمان نہین چاہا کیونکہ وہ فرماتا ہے ولو شاء ربک لامن
من فی الارض کلهم جمیعا۔ یعنے اگر اللہ چاہتا زمین پر سارے خلائق ایمان لاتے جب نہین
چاہا تو سب مومن نہین ہوے۔ اور انسان اپنے کام کاج کا خالق نہین ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
هو خالق کل شیئ فاعبدوه۔ یعنے اللہ ہر اک شی کا خالق ہے جن مین سے بندونکے افعال
بھی ہین بلکہ بندے اللہ تعالیٰ کے فعل کا کسب کرتے ہین اور معتزلہ نے اس بحث مین گفتگو کی ہے
وہ بھی لوگون کو دھوکہ دینے کے لئے کافی ہے اور در اصل اون کی وہی بندشین لیکر ریتلی
زمین کے سراب ہین جو اُس بجھی ہوئی پیاس والے کو دھوکہ دیتی ہین جو ٹھہری نہین جیت
پڑا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ ایمان سے راضی ہے اور کفر سے راضی نہین ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے ولا یرضی لعبادہ
الکفر یعنے کفر سے راضی نہین ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اون کی استطاعت کے موافق تکلیف دیتا ہے کیونکہ قرآن
میں ہے لا یکلف اللہ نفسا الا وسعها اور اصلح اللہ تعالیٰ پر واجب نہین بلکہ وہ لطیف ہے اپنے لطف
و کرم کے موافق کرتا ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے واللہ لطیف بالعباد ۔ یعنے اللہ تعالیٰ اپنے بندون پر
مہربان ہے۔ عذاب قبر کافرونکے لئے حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ النار یعرضون علیها غدوا۔
(وعشیا)

وعشیا ویوم تقوم الساعة ادخلوا ال فرعون اشد العذاب
نفخ الصور حق ـ لانه قال فاذا نفخ فی الصور نفخة واحدة
وحملت الارض والجبال فدکتا دکة واحدة فیومئذ وقعت
الواقعة وانشقت السماء فهی یومئذ واهیة ـ والبعث حق
لانه قال یوم یخرجون من الاجداث سراعا کانهم
الی نصب یوفضون خاشعة ابصارهم ترهقهم ذلة
ذالك الیوم الذی کانوا یوعدون ـ کتابة الاعمال
حق لانه قال وان علیکم لحافظین کراما کاتبین
یعلمون ما تفعلون وتطایرها الی الایدی حق لانه قال
فاما من اوتی کتابه بیمینه فسوف یحاسب حسابا
یسیرا الخ واما من اوتی کتابه وراء ظهره فسوف یدعوا
ثبورا ـ ویصلی سعیرا ـ والسوال حق لانه قال فسوف
یحاسب حسابا یسیرا ولقوله تع لا یغادر صغیرة ولا کبیرة
الا احصاها ـ والجنة حق لانه قال واما الذین سعدوا ففی
الجنة خالدین فیها ما دامت السموات والارض ـ الا ما شاء
ربك عطاء غیر مجذوذ ـ ولقوله تعالیٰ ـ ان المتقین فی جنات
وعیون ادخلوها بسلام آمنین ـ والنار حق لانه قال فاما
الذین شقوا ففی النار لهم فیها زفیر وشهیق خالدین فیها
ما دامت السموات والارض الا ما شاء ربك ان ربك فعال لما یرید

وعشیا ویوم تقوم الساعة ادخلوا ال فرعون اشد العذاب یعنے آگ انپر پیش کیجاتی ہے صبح و شام اور قیامت کے دن
اُن کو کہا جائیگا کہ اے آل فرعون تم سب سخت تر عذاب میں داخل ہو جاؤ ـ اور صور کا پھونکا جانا حق ہے کیونکہ اللہ جل شانہ نے فرمایا ہے کہ
فاذا نفخ فی الصور نفخة واحدة وحملت الارض والجبال فدکتا دکة واحدة فیومئذ وقعت الواقعة وانشقت السماء فهی
یومئذ واهیة اور جب صور پھونکا جائیگا اور زمین اور پہاڑ اٹھائے جائینگے اور بالکل ریزہ ریزہ کر دیئے جائینگے پس اسی دن
قیامت ہو جائیگی اور آسمان چیر دیا جائیگا پس یہ دن بہت ہی سست ہو گا اور بعث حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یوم یخرجون من
الاجداث سراعا کانهم الی نصب یوفضون خاشعة ابصارهم ترهقهم ذلة ذالك الیوم الذی کانوا یوعدون ـ یعنے جس دن
قبروں سے باہر نکلیں گے جلدی گویا تھے اللہ کیطرف دوڑتے ہو نگے اس طرح اون کی آنکھیں ڈری ہوئی ہونگی
اور نیز ذلت کا غبار چھایا ہوا ہوگا یہ وہی دن ہو گا جس کا تم وعدہ کئے گئے ہیں اور نامۂ اعمال کا لکھا جانا حق ہے کیونکہ
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وان علیکم لحافظین کراما کاتبین یعلمون ما تفعلون ـ یعنے تمہارے کاموں کے محافظ ہیں وہ کراما کاتبین ہیں جو تم
کرتے ہیں وہ جانتے ہیں ـ اور نامہ اعمال کا ہاتھوں میں اور اوڑ کر آنا حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فاما من اوتی کتابه بیمینه
فسوف یحاسب حسابا یسیرا اور نیز فرماتا ہے واما من اوتی کتابه وراء ظهره فسوف یدعو ثبورا ـ یعنے جو شخص سیدھے
ہاتھ میں کتاب دیا جائیگا اُس کا حساب آسان ہو گا اور فرماتا ہے اور جو شخص کہ نامہ اعمال پیٹھ کے پیچھے سے
دیا جائیگا تو وہ نقصان کیلئے بلایا جائیگا اور سوال حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فسوف یحاسب حسابا یسیرا ـ یعنے
قریب ہے کہ آسان حساب لیا جائیگا ـ اور نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لا یغادر صغیرة ولا کبیرة الا احصاها یعنے چھوٹے اور
بڑے گناہوں کو نہیں چھوڑتا تا اون کو نہ شمار کر لیوے اور جنت حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے واما الذین سعدوا
ففی الجنة خالدین فیها ما دامت السموات والارض الا ما شاء ربك عطاء غیر مجذوذ ـ یعنے وہ لوگ جو سعید ہیں وہ جنت میں ہمیشہ
رہینگے جب تک کہ آسمان اور زمین رہیں مگر جو چیز کہ اللہ چاہے ـ یہ ایسی بخشش ہے جو منقطع نہ ہو گی ـ اور نیز اللہ
فرماتا ہے ان المتقین فی جنات وعیون ادخلوها بسلام آمنین ـ یعنے پرہیزگار لوگ جنات اور چشموں پر رہینگے تم ان
میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو جاؤ ـ اور دوزخ کا وجود حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ـ فاما الذین شقوا ففی النار
لهم فیها زفیر وشهیق خالدین فیها ما دامت السموات والارض الا ما شاء ربك ان ربك ـ مگر وہ لوگ جو بدبخت ہیں دوزخ
میں اونکو دوزخ میں شور و فریاد ہے اور وہی ہیں ہمیشہ جب تک کہ آسمان و زمین میں رہیں گے مگر
جو چیز کہ تیرا پروردگار چاہے بے شک تیرا پروردگار وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے ـ

(اور نیز

ولقوله تعالیٰ ان جهنم لموعدهم اجمعين لها سبعة ابواب لكل
باب منهم جزء مقسوم. والصراط حق لانه قال وان منكم الا
واردها. والميزان حق لانه قال. ونضع الموازين بالقسط. و
الكوثر حق. لقوله تعالیٰ انا اعطيناك الكوثر. والكبيرة لا تخرج
العبد من الايمان لقوله تعالیٰ يا ايها الذين آمنوا كتب عليكم
القصاص فی القتلی. ولقوله تعالیٰ يا ايها الذين آمنوا توبوا الی الله
توبة نصوحا. والله لا يغفر ان يشرك. لانه قال ويغفر ما دون
ذلك لمن يشاء. ويجوز العقاب علی الصغيرة لانه قال لا يغادر
صغيرة ولا كبيرة الا احصاها. والله يعفو الكبيرة اذا لم يكن
مرتكبها مستحلا لانه قال ويغفر ما دون ذلك لمن يشاء.
والقرآن لا يدل علی دخول الفاسق فی جهنم بل يدل علی دخوله
فی النار وهی لا تختص بجهنم بل تعم لنار القبر ايضا كما ذكر
فی مسئلة عذاب القبر. فاذا احدث الاحتمال بطل الاستدلال
فلا يقطع بدخول الفاسق فيها والوعد حق لانه قال ان الله
لا يخلف الميعاد وله ملائكة لانه قال جاعل الملائكة رسلا
اولی اجنحة مثنی وثلث ورباع. والايمان يزيد وينقص لانه
قال ليزدادوا ايمانا مع ايمانهم. والله ارسل رسلا من البشر
الا الدنيا للارشاد كما قال كان الناس امة واحدة

اور نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ جَہَنَّمَ لَمَوْعِدُہُمْ اَجْمَعِیْنَ لَہَا سَبْعَۃُ اَبْوَابٍ لِکُلِّ بَابٍ مِّنْہُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ۔ یعنے جہنم
اونکے وعدہ کی جگہ ہے اوس کو سات دروازے ہیں ہر ایک دروازہ کیلئے اون سے ایک حصہ قسمت کیا گیا ہے اور صراط حق ہے
کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَاِنْ مِّنْکُمْ اِلَّا وَارِدُہَا یعنے تم میں سے ہر ایک اوس صراط پہ سے گزر یگا۔ اور
میزان حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ بِالْقِسْطِ۔ یعنے ہم ترازوں کو عدالت سے رکھینگے۔
اور کوثر حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّا اَعْطَیْنَاکَ الْکَوْثَرَ۔ یعنے ہم نے تمکو کوثر دیا ہے اور انسان کو
گناہ کبیرہ ایمان سے نہیں خارج کرتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ
فِی الْقَتْلٰی۔ یعنے ای مومنو اللہ تعالیٰ تم پر قصاص فرض کیا ہے قتل میں اور نیز فرماتا ہے یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْا
اِلَی اللّٰہِ تَوْبَۃً نَّصُوْحًا یعنے ای مومنو اللہ کی طرف توبہ خصوص کے ساتھ کرو اور نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے شرک کو نہیں
بخشتا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء۔ یعنے شرک کے سوائے جو کچھ ہے بخشدیتا ہے جسکو چاہتا ہے
گناہ صغیرہ پہ عذاب درست ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لا یغادر صغیرۃ ولا کبیرۃ الا احصاہا۔ یعنے چھوٹے اور بڑے
گناہ کو شمار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کبیرہ گناہ کو جب تک اوس کا کرنے والا اوس گناہ کو حلال نہ سمجھے بخشدیتا ہے۔
کیونکہ فرماتا ہے ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء۔ یعنے جس کو چاہتا ہے شرک کے سوا سب بخشدیتا ہے۔ قرآن شریف
فاسق کے جہنم میں داخل ہونے پر دلالت نہیں کرتا بلکہ اوس کے آگ میں داخل ہونے پر دال ہے اور جہنم سے مخصوص
نہیں ہے بلکہ نار قبر کو بھی عام ہے جیسا کہ عذاب قبر میں النار یعرضون سے مراد عذاب قبر ہے۔ پس جب لفظ نار
محتمل ہے تو فاسق کے جہنم میں داخل ہونے پر جو استدلال ہے ضعیف ہو گیا۔ پس فاسق کا جہنم میں داخل ہونا
ظنی ہوا جو قابل اعتقاد نہیں ہو سکتا کیونکہ اعتقاد امر قطعی پر مبنی ہے۔ اللہ کا وعدہ حق ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان اللہ لا یخلف
المیعاد۔ یعنے اللہ کا وعدہ خلاف نہیں کرتا اور اوسنے فرشتے پیدا کئے ہیں جیسا کہ فرماتا ہے جاعل الملائکۃ رسلا اولی اجنحۃ مثنی
وثلث ورباع یعنے اوسنے فرشتوں کو رسول کیا جنکو بازو دو دو تین تین چار چار ہیں۔ اور ایمان بڑھتا گھٹتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لیزدادوا ایمانا
مع ایمانہم یعنے وہ اپنے ایمان کو اون کے اونکے ایمان کے ساتھ بڑھاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اونہیں میں سے پیغمبر اونکو اون کی جنس یعنے اومیون

بالحق ليحكم بين الناس فيما اختلفوا فيه. واول الانبياء آدم واخرهم

محمد رسول الله لانه قال واذ قال ربك للملائكة انى جاعل فى الارض

خليفة. ولقوله تعالى. وما كان محمد ابا احد من رجالكم ولكن

رسول الله وخاتم النبيين. واطاعة الانبياء والخلفاء فرضة لانه

قال يا ايها الذين امنوا اطيعوا الله واطيعوا الرسول واولى الامر منكم

ومحمد رسول الله افضل الانبياء لانه قال كنتم خير امة اخرجت

للناس. ولقوله تعالى ورفعنا لك ذكرك. صاحب المعراج

والمقامات الرفيعة لانه قال سبحان الذى اسرى بعبده ليلا

من المسجد الحرام الى المسجد الاقصى. ولقوله تعالى. افتمرونه على ما يرى

ولقد راه نزلة اخرى عند سدرة المنتهى عند ها جنة الماوى ١٠ الله

كتب انزلها على انبيائه لانه قال وانزلنا عليك الكتاب تبيانا

لكل شئ والمعجزة والكرامة حق كما يدل عليها الايات

الصريحة. وخلفائه اربعة الاول ابو بكر الصديق رضى الله عنه

والثانى عمر الفاروق رضى الله عنه والثالث عثمان رضى الله عنه والرابع

على ابن ابى طالب رضى الله عنه وافضلهم ابو بكر الصديق والفضيلة

على ترتيب الخلافة واساطير الشيعة بدائع الخلافة ثلثون سنة

وبعدها ملك وامارة وهم غير معصومين. والائمة من اولاد

فاطمة كذلك الا المهدى ولا يشترط ان يكون الامام افضل

... ولا يذكر الصحابة الا بالخير. ويزيد فاسق

بالحق ليحكم بين الناس فيما اختلفوا فيه يعنے سب آدمی ایک جماعت تھے انہیں اللہ نے پیغمبر بھیجے جو خوشخبری دینے والے اور ڈرانے

والے اور ان پر اپنی کتاب اتاری جس سے وہ آدمیوں کے اختلافات کا فیصلہ کردیں۔ اور پیغمبروں میں سب سے پہلے حضرت آدم اور سب کے

پیچھے محمد رسول اللہ ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے واذ قال ربک للملائکة انی جاعل فی الارض خلیفة یعنے اے محمد فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین پر اپنا خلیفہ

بناؤنگا۔ اور یہ بھی خبر دیا کہ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین یعنے محمد تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں مگر یہ ہے کہ خدا کے

رسول اور خاتم الانبیاء ہیں۔ اور نبیوں اور خلیفوں کی اطاعت فرض ہے کیونکہ اللہ فرماتا ہے یا ایہا الذین امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول

واولی الامر منکم یعنے اے مومنو اللہ اور اسکے رسول اور اولی الامر کی اطاعت کرو۔ اور محمد رسول اللہ افضل الانبیاء ہیں۔ کیونکہ اللہ فرماتا ہے

کنتم خیر امة اخرجت للناس یعنے تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لئے پیدا کی گئی ہو۔ اور نیز اللہ نے فرمایا ہے ورفعنا لک ذکرک یعنے

تمہارا ذکر ہم نے بلند کیا ہے آپ صاحب معراج ہیں۔ کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی

یعنے وہی ذات پاک ہے جس نے اپنے بندے کو مسجد حرام سے مسجد اقصی تک رات میں سیر کرائی۔ اور نیز فرمایا ہے افتمرونہ علی ما یری ولقد راہ

نزلة اخری عند سدرة المنتہی عندہا جنة الماوی کیا تم اس چیز میں جھگڑتے ہو جو محمد نے دیکھا اور بیشک الحضرت نے سدرة المنتہی کے

پاس جنة الماوی ہے دوسری مرتبہ دیکھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں پر کتابیں اتاری ہیں جیسا کہ فرمایا ہے وانزلنا علیک الکتاب تبیانا

لکل شئ۔ یعنے ہم نے تم پر ایسی کتاب اتاری ہے جو ہر چیز کیلئے دلیل روشن ہے۔ اور معجزہ اور کرامت حق ہیں چنانچہ اس پر

صریح آیتیں دلالت کرتی ہیں۔ اور رسول اللہ کے چار خلیفے ہیں ایک ابو بکر صدیق اور دوسرے عمر فاروق اور تیسرے

عثمان اور چوتھے علی ابن ابی طالب ان چاروں میں ابو بکر صدیق سب سے بزرگتر ہیں اسی طرح خلافت کی ترتیب سے اسی طرح

بزرگی ہے اور شیعوں کے قصے کہانیاں اس میں بدعتیں ہیں اور خلافت کی مدت تیس برس کی ہے اور اس کے بعد

بادشاہ اور امیر ہوں گے اور سب لوگ معصوم نہیں ہیں۔ اور نیز وہ ائمہ بھی جو فاطمہ کی اولاد سے ہیں سوائے مہدی کے

سوائے ہیں غیر معصوم ہیں۔ امام کیلئے یہ شرط نہیں ہے کہ وہ اپنے زمانہ کے لوگوں سے افضل ہو۔ صحابہ

کا ذکر بھلائی کے سوا درست نہیں ہے اور یزید فاسق ہے

و ... لوگوں ...

ونشهد بالجنة للذين بشرهم النبی م۔ ونعتقدان للمهدیؑ خلیفة
من خلفاء الله قد جاء ومضیٰ۔ وهو عبد الله تابع لشریعة النبی م
المنزلة علیه وهو لیس بمجتهد علّمه الله تعالیٰ بلا واسطة۔ معصوم
عن الخطاء ادعی المهدیة بامر الله یجب اتباعه لانه خلیفة الله
والخبر الواحد الذی یعارض بقوله فهو غیر صحیح۔ وهو غیر مقلد
باقوال المجتهدین بل یعمل ما امره الله ورسوله۔ خاتم الولایة
المحمدیة مبیّن اسرار الحقیقة الاحمدیة اصالة۔ والرموز الشرعیة
اتباعا۔ وابتغاء الرویة واجب۔ فمن ابتغاها فهو مومن والانقطاع
عن الدنیا وصحبة الصادقین والعزلة وغیرها ماذکرناه
فی احکام المهدیؑ واجب ولا یجوز الصّلوٰة خلف من انکر
مهدیته وجیئه۔ وهو افضل من ابی بکر خلیفة رسول اللهؐ ویحتوی
جمیع خلایق النبیؐ بل یساوی فیها سوی النبوة والرسالة۔ فهو
لیس نبیا ورسولا۔ لانهما قد ختمتا علی رسول الله صلی الله
علیه وسلم ویصح الخبر الواحد بقوله وعمله ویترک ما خالفهما
لانه معصوم لانه خلیفة الله فلا یترک قوله وعمله بالخبر الواحد
والاحکام التی قالها لا تقبل التاویل وخلفائه خمسة اولهم
السیّد محمود الملقب بالمهدی الثانی رض وثانیهم السیّد خوندمیر
الملقب بصدیق الولایة رض وثالثهم النعمة رض ورابعهم السلطان

ہم اُن لوگوں کے حق میں جنتی ہونیکا اعتقاد رکھتے ہیں جن کو رسول اللہ م نے جنتی ہونیکی خوش خبری دی ہے۔ اور یہ بھی اعتقاد رکھتے ہیں کہ مہدیؑ جو خدا کا خلیفہ ہے پیدا ہوا اور بالآخر وفات پائی اور وہ اللہ کے بندے اور رسول اللہ م کی شریعت منزلہ کے تابع ہیں آپ مجتہد نہیں ہیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ سے بلا واسطہ تعلیم ہے۔ آپ خطا سے معصوم ہیں آپنے مہدویت کا دعویٰ خدا کے حکم سے کیا آپکے حکم کی اتباع فرض ہے کیونکہ آپ اللہ کے خلیفہ ہیں۔ جو خبر واحد آپکے قول سے مخالف ہو وہ صحیح نہیں ہے۔ آپ مقلد نہیں ہے بلکہ جو کچھ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول نے حکم فرمایا ہے وہی کرتے ہیں آپ ولایت محمدیہ کے خاتم اور حقیقت محمدیہ کے اسرار کے مبیّن ہیں۔ اور یہ آپ کی اصلی خدمت ہے اور شرعی احکام میں آپ تابع ہیں۔ آپکے احکام سے رویت باری کی طلب فرض ہے اور جو شخص اوس کا طالب رہا وہ مومن ہے۔ اور دنیا سے انقطاع اور سچّوں کی صحبت اور غیروں سے تنہائی وغیرہ جو جو امور ہمنے احکام مہدیؑ میں ذکر کیا ہے فرض ہیں۔ اُس شخص کے پیچھے نماز درست نہیں ہے جو آپ سے انکار کرتا ہو یہ سارے امور حضرت خوندمیر رض کے عقیدہ میں مذکور ہیں جو آپکے وزیر اور آپکے صدیق تھے اور خبر واحد آپ کے قول و عمل سے اگر مطابق ہو صحیح ہے اور اگر مطابق نہو تو متروک ہے۔ کیونکہ آپ معصوم اور معصوم اس وجہ سے ہیں کہ آپ خدا کے خلیفہ ہیں اور آپ کا قول و عمل خبر واحد کی مخالفت سے متروک نہوگا۔ اور احکام جو آپنے فرمایا ہے تاویل کے قابل نہیں ہے آپکے پانچ خلیفہ ہیں اول سید محمود ثانی مہدی رض دوسرے سید خوندمیر صدیق ولایت رض تیسرے شاہ نعمت رض چوتھے شاہ نظام رض پانچویں ۔۔۔ رض اور ہم اون لوگوں کے جنتی ہونیکا اعتقاد رکھتے ہیں جن کو مہدیؑ نے جنت کی

بلکہ اُن اخلاق میں امام ع رسول اللہ م کے برابر ہیں آپ ابو بکر صدیق رض سے افضل ہیں اور نبی م کی سارے اخلاق کے جامع ہیں صرف نبوت اور رسالت آپ میں نہیں ہے کیونکہ نبوت اور رسالت نبی م پر ختم ہو گئیں پس آپ نبی و رسول نہیں ہیں۔

المهدیّ - ولا یجوز الصلوٰة الا بالفاتحة ولا یرفع الایدی عند الدعاء
بعد المکتوبة لان الاحادیث فی هذا الباب غیر آمرة برفعها
وقد ثبت انه ؐ سلّم وکبّر فی بعض الاحیان ولم یدع لنفسه
والدعاء والصدقة للاموات نفع لهم - ولا یحمل وزر احد علی
الآخر وتصدیق الکاهن باخبار غیبیه کفر واستحلال المحارم
ورد النصوص کفر - وسب خلفاء الله کفر وسباب اصحابهم
فسق - والامور الغیبة التی قالها النبی یعتقد بوقوعها - کمجی عیسیٰ ؑ
وخروج المسیح الدجال وغیرها واختلاف الحال ظنی والا یلزم نسخ
الخبر والامر المجمع علیه والخبر المتواتر معتقد علیه - فهذه الامور
هی العقائد - وانت تعلمون ان الامور التی ذکرناها مطابقة للکتاب
والسنة فلم تشاجرون منا - وکیف یتشاحنون بالبغضة والعناد
وان تمعنوا فی اقوالنا وتحدقوا فی احوالنا لا ینکروا امّا تقولنا
ولا یعرضوا ما تکلمنا وتاملنا - فیا ایها الاخوان قولوا بالانصاف
ان من هو متصف بالاوصاف المذکورة کیف یفری علی الله تعالیٰ
افتراء صریحا وکیف یختلق علیه اختلاقا فضیحا - وکیف یفند بانه
المهدیّ الموعود - وکیف یقول انه خلیفة الله الودود - بعد ان
یسبر به فی الآفات والبلیات - ویمتحن فی انواع المرازی والرزیات
ولیس من الدیانة ان یتمسک بالاحادیث المتعارضة المتضادة -

نماز سورۂ فاتحہ کے سوا درست نہین ہے گو امام کے پیچھے ہو - نماز مفروضہ کے بعد دعا مین
ہاتھ اوٹھانا ضروری نہین ہے کیونکہ احادیث ہاتھ اُٹھانے کا حکم نہین کرتین - اور یہ بھی ثابت
ہوا ہے کہ رسول اللہ ؐ نے دعا کے عوض مین اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَام کہا ہے اور تکبیر بھی کہی ہے
اموات کیلئے دعا و صدقہ نافع ہے ایک کا جرم دوسرے کو سزا نہین دلاتا - کاہن کے غیبی اخبار کی
تصدیق کفر ہے - اور جو چیزین کہ اللہ نے حرام کین ہین اونکا حلال کر دینا اور منصوصہ احکام و اخبار کارد کرنا
کفر ہے اور اللہ کے خلیفو نکو گالی دینا معاذ اللہ کفر ہے - اور اُن کے صحابہ ؓ پر طعن اور گالی گلوج کرنا فسق ہے
وہ غیبی امور جنکی آنحضرت ؐ نے خبر دی ہے اُن کے وقوع کا اعتقاد چاہیئے جیسا کہ عیسیٰ ؑ کا آنا اور مسیح دجال کا
خروج وغیرہ اور اُن امور کے حالات و کیفیات مین جو اختلاف ہے وہ ظنی ہے ورنہ نسخ خبر ہو گا
اجماعی امور اور خبر متواتر معتقد علیہ ہین - پس یہ امور جو مذکور ہوے ہمارے عقاید ہین - اور تم
یہ جانتے ہو کہ جو جو امر ہمنے ذکر کیا ہے وہ کتاب و سنت یعنے قرآن و حدیث کے مطابق ہین اس صورت مین
ہم سے جھگڑنا اور بغض و عداوت سے بے سبب پیش آنا غالباً درست نہو گا - اگر تم ہمارے اقوال
گہری نظرون سے دیکھو گے اور ہمارے احوال باریک بینی سے ملاحظہ کرو گے تو گمان غالب ہے کہ
ہم سے روگردان نہو نگے - غرض بھائیو تم ہی انصاف سے فرماؤ کہ وہ شخص جو مذکورہ اوصاف سے موصوف ہو
اللہ تعالیٰ پر صریح افترا اور صاف صاف بہتان کس طرح کریگا اور کیونکر جھوٹ موٹ کہدیگا کہ مین ہی
مہدیٔ موعود ہون اور کیا کہہ سکیگا کہ مین اللہ کا خلیفہ ہون باوجودیکہ وہ اس دعویٰ کی وجہ سے
آفتون اور بلاؤن مین آزمایا گیا ہو اور قسم قسم کے تکلیفون اور مصیبتون مین امتحان کیا گیا ہو بغیر
الٰہی تائید اور جبروتی مدد کے کیونکر اس دعویٰ پر ٹھہر اور راسخ رہ سکتا ہے - اور یہ بات دیانت
کے خلاف ہے کہ مہدیٔ کی مجی مین ایسی حدیثون سے استدلال کیا جائے جو آپس مین متعارض ہون اور
اور لطف معانی کو جو ہم نے بیان کیا ہے ترک کیا جائے - (اور اہل حدیث)

سابقا بالمعانی اللطیفة ۔ والحقایق الشریفة بل الاصل فی معرفته هو الاتصاف
بالخصال الحمیدة ۔ وتخلقه بالخلایق السنیة والخلال السدیدة ۔ وهی التی
تخلق بها الانبیاء فبعث من هذه الخلایق فی الخلایق وظهر بهذه
الشمائل فی الخرائق کما ذکرنا فی اخلاقه وسرونا الحدیث
فی اعراقه ۔ فتوجهوا الیه ولا تکذبوا الصادق المصدوق الذی
شهدت علی صدقه ضبائر الملل ۔ وجموع من النحل ۔ بانه فی جمیع
الامور صدیق صادق ۔ ولاصلاح المفاسد الروحانیة حاذق ۔
حتی اصبح بصحبته اجبن الناس اشجعهم ۔ واصمهم اسمعهم
وابکمهم فی مصاقع الخطباء اصقعهم ۔ واجهلهم فی العلوم
والمدارك اعلمهم ۔ ادناهم فی الدنائة اعظمهم ۔ وارداهم
فی الرویات اکرمهم ۔ واشدهم فی الفسق اتقاهم ۔ واشهرهم
فی البخل اسخاهم ۔ فهذا هو املاء العدل فی الدنی ۔ واصل نفی
الجور والظلم عن الوری ۔ لاکن بعض الناس قد اغضوا العیون عن
طریق الهدایة ومو السداد ۔ ویرکنوا الی مفاوزة التولة من لاحب
الرشاد ۔ فیطعنوا علیه فی المسائل التی علیها جمهور العقلاء ۔ واطبقوا
علی صحتها جهابذة الحکماء ۔ فنحن لا نبحث فی هذه الوجیزة بهذه
الاساطیر الباطلة ۔ ولا نتوجه الی جواب تلك الاقادیل العاطلة
لاکن نذکر من جملتها المنوذ جایذ کر جمیع اراجیفها ۔ ویجزی الحازم
علیه ۔ وذلك انه لما استطی علیه
مجموعات ۔ اوتا لیفها ...

اور اصل محمدی کی معرفت مین بھی امر ہے کہ وہ ستودہ خصلتون اور پاکیزہ اخلاق
اور درست عادات سے متصف ہو جن کو ائمہ کلام نے عقاید کے کتابون اور کلامی
اسفار مین ذکر فرمایا ہے اور وہ وہی صفات ہین جن سے انبیا موصوف ہین ۔ پس ان
ان پیغمبری خصایل سے خلایق مین آپ مبعوث ہوئے چنانچہ جیسے سابق مین ذکر کیا ہے ۔
غرض تم کو اس تحقیق کی طرف توجہ کرنی چاہیئے ۔ اور ایسے سچے اور نیکی خصایل شخص کو جس کی
سچائی کی تمام اہل ملت اور غیر حق شہادت دیتے ہین مت جھٹلاؤ اور یہ سمجھ لو کہ آپ سب امور مین
صدیق اور صادق ہین اور روحانی مفاسد کی درستی کے لئے حکیم حاذق ہین تاکہ نامرد آپ کی صحبت مین
دلیر ہوگیا اور بہرا سننے والا اور گونگا بڑے بڑے خطیبون کے مجلسون مین بلیغ ہوگیا اور نادان
علوم مین دانا ہوگیا اور ادنی اعلی ہوگیا اور روی کریم ہوگیا اور زیادہ بدکار ہوگیا اور بخل مین
مشہور تھا بہت بڑا سخی ہوگیا ۔ پس دنیا سے جور و ظلم دور کر دینے اور اس کو قسط و عدل سے
بھر دینے کے یہی معنی ہین مگر بعضے لوگون نے اپنی آنکھین ہدایت کی راہ سے بند کر لی
ہین اور ہدایت اور درستی کی عام راہ سے حیرانی کی جنگلون کی طرف جھکے ہوئے
ایسے مسئلون مین حضرت پر طعن کرتے ہین جن پر بڑے بڑے حکما کا
اتفاق ۔ ہم اس مختصر رسالہ مین ان لمبی چوڑی بیکار کہانیون پر بحث
نہین کرین گے اور ان جواب اور ان کے اوہام کی رد گرار
نہین کرین گے مگر ان کے خیالی مجموعہ سے نمونہ
کی طور پر کچھ ذکر کر دینا ان جھوٹی کہانیون کی
شہادت دینے اور عقل مند کو واقف
ہو جانے کے لئے کافی ہے (لہذا کچھ ذکر)

السطوة الالهية ـ واستولى عليه السبحات البهية ـ عف عن المشارب
والماكل ونص فى قيعان الالوهية بغير النواجى والذوامل ـ الى ان
مضى عليه اثنتا عشرة سنة فاكل فى هذه المدة اربعة صاع من طعام
واريد منها فنكو على ذلك وهم نوكى وكلموا فى هذا وهم كلمى ـ فهى
ضوضاء بلا عقل و فكر وغوغا بلا داهية وحذر ـ ولنت خبير بان من اتصل
بلمعات سنية وسطوات وضية ـ ليعى فى غاية التنزه والتجرد ـ لانه فى المراحل
الملكية خير التزود ـ فيكره عن الماكل والمشارب ـ حتى يضيئ فواده كالبرق
الواضب ـ وينطبع فيه سبحات الجمال ويرتسم فيه تجليات الجلال ولا يطرئ
على جسده اثار الكلال ـ بل يشاهد. قواه فى غاية الانماء ونمائها الكمال
ومعاينته هذه الفوائد هو عين الغذا ـ وادارة هذه النشوات اصل النشو
والنماء كما قال الشيخ ابن سينا فى الاشارات اذا بلغك ان عارفا امسك نفسه
عن القوت المرزوء مدة غير معتادة فاسمح بالتصديق فاعتبر ذلك من مذاهب
الطبيعة المشهورة ـ وقال ان الطبيعة التى فينا اذا اشتغلت عن تحريك
للمواد المحمودة بهضم المواد الردية انحفظت المواد المحمودة قليلة التحلل
غنية عن البدل فربما انقطع عن صاحبها الغذاء مدة طويلة لو انقطع
مثله فى غير حالته بل عشر مدته هلك وهو مع ذلك محفوظ القوة انتهى
وهو مختار الامام الرازى والمحقق الطوسى فى شرحيهما للاشارات ومنها
ايراده هو بانه قال حقيقة الايمان شوا الله تم فلو بيتا نسوا بهذا التعبير
واستوحشوا وطعنوا على ... ناضلين بانه غير مطابق للقرآن والا لذهب الى

لہٰذا کچھ ذکر کئے دیتے ہیں اور یہ وہ ہے کہ جبکہ آپ پر الٰہی جذبات اور دل قریب تجلیات کا
غلبہ ہو گیا آپ کھانے پینے کو مکروہ سمجھنے لگے ۔ اور الوحیت کے میدانوں کو بغیر کسی مرکب کے قطع کیا۔ آپ
پر بارہ برس گذر گئے اور اس مدت میں تقریباً ستر سیر غلہ کی قسم سے آپنے تناول فرمایا بعض لوگ اس پر طعن کرتے ہیں کہ
انکا یہ طعن حماقت کی وجہ سے ہے پس یہ سوچ سمجھے غل غپاڑا ہے ۔ اور تم اس بات کو جانتے ہو کہ جو شخص عالی
ملکات اور مقدس جذبات سے موصوف ہوا ہو نہایت تنزہ اور تجرد سے متصف ہو گا ۔ کیونکہ تجرد ہی ملکی
مراحل میں بہترین توشہ ہے پس ایسا شخص بالضرور کھانے اور پینے کو مکروہ سمجھیگا تا آنکہ اسکا دل چمکتی بجلی
سا ہو جائیگا ۔ اور اس میں جمالی تجلیات اور جلالی تجلیات منعکس ہونگے ۔ اور اس کے جسم پر ناتوانی کے
آثار طاری نہونگے بلکہ اُس کی قوتیں ہمیشہ نشو نما اور کمال میں دکھائی دینگے ۔ اُن خوبصورت تجلیات کا
معاینہ عین غذا ہے ۔ اور ان پیالوں کی گردش اصل نشو و نما ہے چنانچہ شیخ الرئیس ابو عبداللہ ابن
سینا نے اشارات میں لکھا ہے اور وہ یہ ہے کہ جب تم کو یہ خبر پہونچے کہ کسی عارف نے اپنے معمولی غذا سے
اپنے کو باز رکھا تو تم اس کو جھوٹ مت سمجھو اور اس کو سچ جانو کیونکہ یہ طبیعت انسانی کی عادات ہیں ۔ اور یہ کہا کہ الطبیعت
انسانی جب محمود ..... ملکات میں مشغول ہوتی ہے اور ردی اور بیہودہ اسباب کی تحلیل کر دیتی ہے اور اُس کی پاک نفس میں
محمود ملکات محفوظ ہو جاتی ہیں جنمیں بالکل ہضم و تحلیل نہیں ہے اور یہ نفس کو اُن کی بدل کا احتیاج ہے کیونکہ وہ ملکات ہمیشہ
نفس میں موجود رہتے ہیں تو ایسا شخص اکثر اوقات ایک طویل مدت تک غذا کو چھوڑ سکتا ہے ۔ جو اس کے سوا دوسرے
وقت اس مدت کے دسویں حصہ کی مدت میں بھی غذا سے ... نہیں رہ سکتا ہو اگر اس مدت میں جو بالکل دسواں حصہ مذکورہ
مدت کا ہے کوئی شخص غذا سے باز رہے گا تو ہلاک ہو گا مگر وہ شخص جس نے ملکات محمودہ کی غذا پائی ہے غذائے معمولی کو چھوڑنے پر بھی
قوی اور پر رونق رہتا ہے ۔ انتہیٰ امام رازی و محقق طوسی نے شرح اشارات میں اسی کو اختیار فرمایا ہے اور انکو بعض اعتراضوں سے بھی ہے کہ حضرت
نے فرمایا ہے کہ ایمان کی حقیقت خدا کی ذات ہے اس تعبیر سے چونکہ اُن کو وحشت ہوئی لہٰذا یہ طعن کرنا شروع کیا کہ یہ تعبیر
ذات شریف کو موافق نہیں ہے اور اگر موافق ہوتی تو کسی نہ کسی امام کا یہ مذہب ہوتا (ہے کسی کا مذہب)

عبارات منها التصديق بالجنان والاقرار باللسان كما هو قول الامام
الاعظم رض ومنها التصديق بالجنان والاقرار باللسان والعمل
بالاركان وهو مختار الامام محمد ابن ادريس الشافعي رح وغيره من المحدثين
ومنها الايمان هو الحق البحت المقدس عن شوائب الحدوث والامكان
كما اشار اليه الله تع هو الله الذي لا اله الا هو الملك القدوس السلام
المومن المهيمن الخ فالايمان الذي هو مبداء المومن لايتعقل ان يكون
احد الشقين الاولين لانهما غير معقولين في حقه تع كما هو ظاهر
بالبداهة. فتعين الثالث فالله تع مومن بهذا المعنى لا غير. واطلاق
الايمان عليه تع تجوز. هذا هو النظر الجلي اما النظر الخفي الدقيق فهو
حاكم بان المومن اسم الصفة اي الذات التي تتصف بالايمان كالعليم
والقدير. فكما ان نفس العلم والقدرة هو الله تع كذلك نفس الايمان
هو الله تع نعم يواخذ عليه بان اسماء الله توقيفية الا ان يقال ان الكلام
في الذات وليس في الاسم فالمبادي هي نفس الذات ومشتقاتها متميزة
بالتفصيل كما هو مقتضى عالم النعوت والصفات لا يقال ان المبادي مشتركة
في الوجوب والامكان فلا يتصور كونها نفس ذاته تعالى لانا نقول ان
المراد بهذه المبادي هي التي موجودة ازلا وابدا والتي توجد في الممكنات
فانية لانها ممكنة فلا تبقى. ثم المراد بكل واحد منها هو التام
الكامل المستغني عن غيره في الوجود كعلم الواجب تع فانه

[illegible]

و معنی ہیں۔ یہ کہ ایمان قلبی تصدیق اور لسانی اقرار کا نام ہے جیسا کہ یہ امام اعظم رضہ کا مذہب ہے۔ دوسرا یہ کہ ایمان قلبی تصدیق اور
لسانی اقرار اور عمل بالارکان کا نام ہے چنانچہ حضرت شافعیؒ اور اکثر محدثین کا یہ مذہب ہے۔ اور تیسرا یہ کہ ایمان وہ خالص
حق ہے جو حدوث کے شوائب اور امکانی نقائص سے پاک ہے۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ نے اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ ھو اللہ
الذی لا الٰہ الا ھو الملک القدوس السلام المؤمن المہیمن الی آخرہ یعنے اللہ تو وہ معبود حقیقی ہے مالک ہے پاک ہے
سلام ہے مومن ہے مہیمن ہے الخ۔ پس ایمان جو مومن کا مصدر ہے پہلے دونوں معنے کے اعتبار سے درست نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ
دونوں معنے اللہ تعالیٰ پر صادق نہیں آ سکتے اور یہ امر بھی ظاہر ہے جو محتاج بیان نہیں۔ پس تیسرے معنے یعنی ایمان حق محض ہے
اللہ تعالیٰ پر صادق آ سکتے ہیں یعنے اللہ حق محض ہے۔ اور مشتق یعنے مومن پر مصدر کا اطلاق یعنے ایمان کہنا مجاز ہے۔ یہ
تقریر نظر جلی کے اعتبار سے ہے۔ اور دقیق نظر اس بات کا حکم کرتی ہے کہ مومن اسم صفت ہے یعنے مومن سے وہ ذات مراد ہے جو ایمان سے
متصف ہو جیسے علیم و قدیر۔ پس جس طرح نفس علم و قدرت اللہ تعالیٰ ہے اسی طرح نفس ایمان بھی اللہ ہے مگر اس پر یہ اعتراض
ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء توقیفی ہیں یعنے انہی اسماء پر توقف کرنا چاہیے جن کا استعمال لسان شرعی میں ہوا ہے مگر چونکہ
شرعی لسان میں علم و قدرت و ایمان کا استعمال اللہ تعالیٰ کی ذات پر اسماء کے طور پر نہیں ہوا ہے لہذا اسم کے طور پر ان کا استعمال کرنا
درست نہ ہوگا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ بحث ذات میں ہے اسم میں نہیں ہے یعنے علم و قدرت و ایمان نفس ذات ہیں اسم ذات
نہیں ہیں اور ان کے جو مشتق ہیں مثلاً علیم قدیر مومن یہ اسم ذات ہیں جو تفصیلی طور پر جدا جدا سمجھ میں آتے ہیں۔
چنانچہ سارے صفات کی یہی حالت ہے یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ مبادی یعنے علم و قدرت وغیرہ وجوب
و امکان میں مشترک ہیں تو ان کا نفس ذات باری تعالیٰ ہونا درست نہ ہوگا۔ کیونکہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں
کہ ان مبادی سے وہ مبادی مراد ہیں جو ازلاً و ابداً موجود ہوں اور وہ مبادی جو ممکنات میں پائے
جاتے ہیں فانی ہیں کیونکہ ممکن ہیں باقی نہ رہیں گے۔ پھر ہر ایک صفت سے مراد وہ صفت ہے جو بالکل وجود میں تام اور
[illegible] ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا علم۔ پس علم باری انکشاف تام بسیط ہے۔

انکشاف تام بسیط غایۃ البسط والاحتواء بحیث لا یعزب منہ ذرۃ لا فی السّماء ولا فی الارض وکذلک القدرۃ فانہ حاویۃ لتمام المقدورات فہاتان الصفتان لا تکونان سوی الذات والا یلزم التکثر فی حد ذاتہ وکذا سائر الصفات فانہا نفس الذات بہذہ المعانی فی الایمان الذی ہو حق بحت نفس ذاتہ وعین حقیقتہ - فہذا ہو الحق الابلج فتذکر وکن من الشاکرین - ولا یخفی علیک ان الایمان الذی یقبل الزیادۃ والنقصان انما ہو باعتبار المعنی الثانی لان الامام قال ان تصدیقی منوط بالعمل وامامن لم یعمل فتصدیقہ مردود فبملاحظۃ ہذا القول یعتبر اندراج العمل فی مفہوم الایمان کما ہو مذہب الشافعی وجمہور المحدثین - و واما الایمان بالمعنی الثالث فہو اللہ تعالیٰ تحقیقۃ والمومن من عبادہ فہو مومن ایضا ولا یتصف بہذہ الصفۃ القدسیۃ والسجیۃ الالہیۃ من عبادہ الا من کان انسانا کاملا والمراد بہ محمد صلعم لانہ مظہر حقیقی لتجلیات الذات وسیجنجل دری لاشعۃ الصفات فلا یحوم حول حماہ شرک جلی ولا خفی الا واحرقتہ سبحات جلال اللہ سبحانہ ولہذا قال تعالیٰ بلسان الرسول ما انا من المشرکین فاعدام الشرک مطلقا بالنسبۃ الیہ دلیل علی کونہ منفردا بعرفان التوحید الحقیقی والایمان التحقیقی وغیرہ من الانبیاء لیس کذلک لان ہذا الوصف مقصور علی محمد صلعم الا من کان متبعا لہ فی شریعتہ الموحیۃ وخلیفۃ اللہ فی انباء احکام ولایتہ المقیدۃ فہو ایضا

انکشاف تام بسیط ہے اور سب اشیاء کو اسطرح حاوی ہے کہ اُس سے آسمان و زمین میں کوئی ذرہ نہیں باہر ہو سکتا ہے اور اسیطرح قدرت پس وہ تمام مقدورات کو حاوی ہے پس یہ دونوں صفتیں اور نیز دوسری صفتیں سوائے ذات کی نہیں ہیں ورنہ دیگران صفتوں کو ذات علیحدہ شمار کریں تو اسکے ذات میں کثرت ہو جائیگی۔ اور یہ جائز نہیں ہے کیونکہ بیسمو رتیں اللہ تعالیٰ واحد حقیقی نہیں ہو سکتا اور یہ باطل ہے پس ضرور ہے کہ ہر ایک صفت اور معنی میں کہ جو عین ذات اور نفس حقیقت باری تعالیٰ اسمہ ہے گی اور عالم تفصیل میں علم کو قدرت سے اور علی ہذا القیاس ہر ایک صفت کو دوسری صفت سے امتیاز ہو گا مگر ایسی کہ عالم اجمال میں جسمیں کہ وحدت جمعی ہے بالکل دخل نہ ہو گا بلکہ وہ سب نفس ذات باری ہیں بلکہ یوں کہو کہ وہ بالکل ذات باری ہے مصلوب تعین ایمان جو حق بحت ہے نفس ذات باری عز اسمہ ہو گا پس کو یاد کر لو اور شکر کرو۔ اور یہ بات چھپی ہوئی نہیں ہے کہ ایمان کی جس کی قبول کرتا ہے زیادتی کمی ہے تو دوسرے معنے کے اعتبار سے ہوگی۔ کیونکہ حضرت مہدی نے فرمایا ہے کہ میری تصدیق عمل سے اور جو عمل نہ کرے تو تصدیق اس کی مردود ہے جسکا مطلب ہے کہ تصدیق ہی مردود ہے پس اس فرمان مقدس کے ملاحظہ سے ایمان کے مفہوم میں بالضرور عمل داخل ہو گا۔ چنانچہ حضرت امام شافعی اور جمہور محدثین کا بھی مذہب ہے۔ اور ایمان تیسرے معنے کے اعتبار سے تو وہ خدائے تعالیٰ کی ہی ذات ہے اور اُسکے بندوں سے وہ شخص مومن ہوگا جس نے کہ اپنے صفات کو نابود کر دیا اور اللہ تعالیٰ کے ازلی اور ابدی وجود اور اُسکے سرمدی نور سے باقی ہے تو وہ بھی مومن ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ کے بندوں سے اس پاک صفت اور الہی خصلت سے وہ شخص موصوف ہوگا جو انسان کامل ہو اور انسان کامل سے حضرت رسول اللہ صلعم مراد ہیں کیونکہ آپ ذاتی تجلیات کے حقیقی مظہر اور صفات کے شعاعوں کیلئے روشن آئینہ ہیں۔ آپکی دل کے اردگرد شرک جلی یا خفی ہرگز گھوم نہیں سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی جلال کی تجلیات جلا دیتی ہیں۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلعم کی زبان سے یہ کہلا دیا کہ ما انا من المشرکین کہو یعنی میں مشرکین سے نہیں ہوں کہہ دو پس خاص آپکی طرف نسبت کر کے مطلق شرک کا منعدم کر دینا اس امر کی دلیل بین ہے کہ آپ حقیقی توحید اور تحقیقی ایمان کے عرفان بالکل منفرد ہیں اور دوسرے انبیاء کو اس میں شرکت نہیں ہے کیونکہ وصف خاص جناب محمد رسول اللہ صلعم کیلئے مقصور ہے مگر وہ شخص بھی اس حقیقی توحید کے عرفان سے موصوف ہو گا جو انکی شریعت منزلہ کا تابع اور آپکی ولایت مقیدہ کے مقدس احکام بیان کرنے میں اللہ جل شانہ کا خلیفہ ہے کیونکہ حضرت مہدی نے اس آیت کی

تفسیر میں ارشاد فرمایا ما انا من المشرکین

من المشرکین ہو محمد والمہدی لکونہما مظہرین تامین لانعکاس
بوارق ذاتہ والطباع شوارق صفاتہ - وھذا التفسیر لیس فیہ
مظنتہ ریب لانہ قول من کان معصوما لتمکنہ بمنشور الخلافۃ الالٰہیۃ
فاطلاق المومن علیہما خاصۃ انما ہو بملاحظۃ المعنی الثالث واما باعتبار
المعنیین الاولین فالانبیاء کلہم مومنون وغیرہم من الصدیقین والصالحین
والفاسقون فہم مومنون باعتبار المعنی الاول ھذا ہو التحقیق واعلم
ان الامور التی ذکرت فی ھذہ الرسالۃ کافیۃ لمن کان لہ عقل سلیم ولو
امعنت فی اقوالنا ثم لاحظت احوالنا لرایت اکثر فقرائنا متوکلین
متضرعین فی عبادۃ اللہ وعلی البلاء متحملین - ساھرۃ الاحداق
فی عبادتہ ساکبۃ العبرات فی طاعتہ لا یرکنون الی الدنیا بل یرجعون
الی اللہ - کما ہو ظاہر من قصۃ صفدر خان واسمعیل خان
وغیرہما من اہل الایمان والایقان ھذہ ما تیسر لنا
من الکریم المنان وآخر دعوانا ان الحمد
للہ رب الانس والجان

تمت بالخیر

اما من المشرکین - سے حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور مہدیؑ مراد ہین - کیونکہ یہ
دونون ذات وصفات کے تجلیات کو اپنے نفوس مین منعکس کرنے کیلیئے پورے مظہر ہین -
اس تفسیر مین کسی قسم کا شک واقع نہین ہوسکتا کیونکہ یہ اُس معصوم کا فرمان ہے جو
... خلافت گرامی کی نشر ... سے معزز ہوا ہے - پس ایمان کے تیسرے معنی کے اعتبار سے
خاص حضرت سیدنا رسول اللہ اور مہدیؑ مومن ہونگے اور مذکورہ دونون معنون کے اعتبار سے سارے
نبیہم اور صدیقین اور اولیاء اللہ اور مومنین صالحین مومن ہون گے - مگر وہ مومنین جو تارک العمل اور
فاسق ہون ایمان کے پہلے معنے کے اعتبار سے مومن سمجھے جائین گے کیونکہ دوسرے معنی مین
عمل کی شرط ہے اور یہ قاصر العمل ہین - غرض یہی تحقیقی بحث ہے جو بیان ہوئی - اور اس بات کو
جان لو کہ جن امور کا اس مختصر رسالہ مین ذکر ہوا ہے وہ غالباً اُس شخص کیلیئے کافی ہین جس کو کہ
عقل سلیم دی گئی ہو - اگر تم ہمارے اقوال مین غور کرو اور ہمارے احوال مین ملاحظہ کروگے تو
ہمارے اکثر فقراء کو متوکل اور اللہ کی عبادت مین روتے ہوے اور بلاؤن مین صبر کرتے ہوئے
دکھائی دینگے - اور اللہ کی عبادت مین اون کے آنکھین جاگتی ہوی اور آنسو بہاتی ہوی
نظر آئینگی چنانچہ صفدر خان اور اسمعیل خان اور دوسرے مومنین کے حالات سے یہ امور
ظاہر ہوتے ہین - یہ ہماری اخیر تقریر ہے جو اللہ تعالی کی عنایت سے انجام کو پائی اور آخر
کلام اللہ تعالی کا شکر ہے جس نے اس کثیر الافکار متوزع البال سے اس رسالہ کا
ترجمہ کرایا واللہ اعلم بالصواب

وعندہ ام الکتاب =

۴، ۷ تمت تمام ۹۲

صورة ما كتبه الأستاذ العلام - الحبر القمقام - علامة الزمان - فهامة الدوران
فخر الاماثل قطب الافاضل - مركز العلماء فى العلوم النقلية - مرجع العقلاء
فى الاصول العقلية - صاحب الادراكات البهية - ذو المدارك السنية
الالهية قوام الدنيا والدين العلامة السيد نصرة الدين ادامه رب العالمين.

الحمد لله واثنى عليه ثم اصلى على الانبياء والاولياء وعلى الهما واصحابهما - اما بعد
فان الرسالة المسماة بالقول المحمود فى المهدى الموعود التى يبحر بها غور عقل من
صنفها - وتتبين منها جزالة فضل من الفها هو مولانا الاعظم مفخر علماء العالم
العلامة الكامل والفهامة العالم الحبر الفاضل وبكثير من الافاضل يتفاضل
ولذا صار علماء مدينة الوصول عند المناظرة منه الحف من المغازل واضعف من
الجوازل ذلك فضل الله الكريم الباذل جعله الله لنا كالثمال للارامل هو البحر العجاج
والماء الثجاج والسراج الوهاج المزين بكل الحلى من الخفى والجلى اخو الذكاء المنجلى السيكى
اعلى الله درجته فى اعلى عليين وجعله مقارنا للشهداء والصديقين هو الذى نقد الدلائل
فيما بعين للعقول وامعن النظر فى ايراد مباحث المنقول بحيث يطيع الاسجاع
بجواهر لفظه ويقرع الاسماع بزواجر وعظه حتى اذا نظر فيها احد قائما بالقسط
ولقط منها فقد نشب فى كفه الحابل ومن اعرض عنها فقد باع آجلا بالعاجل
والحق انه لم ينسج احد حلة على منواله ولا سمحت قريحة بمثاله فطوبى لمن سمعه واتقى وضبط
ما قال به الشيخ واوعى - فان الجنة له المأوى - فانها حرية تسطر بماء الذهب على الالواح
الزبرجدية وحقيقة ان يعدل باليواقيت على الصفحات العسجدية تحقيقا اتهار القمر

واقحمت بلاغتها مصاقع الخطباء نوحتها متلفتة بافانين وعباراتها منقمة على فضا مين
منها انها متضمنة لسوانح الامام المهدى الموعود فى آخر الزمان - منها انها كافية عافية فى
اجوبة علامات تغلغل المخالفون بها فى كل آن - منها انها موضحة للاحكام التى بينها الامام
الموعود بحيثية خلافة الله - فافصحها ببراهين متقنة وبكل الكلمة بلا ريبة واشتباه
شرع فى تبيانها على شارع علماء الاصول واتقنها فى عبارات دقيقة مبرهنة كما هو داب ارباب
المنظار والعقول - وذيل فى اواخرها العقايد المهدوية واستنبطها بالنصوص الساطعة
والاحاديث المتواترة والامور المجمع عليها سواء كانت فى الامور الشرعية والحقيقية والحق
ان المصنف العلام مقدام فى استخراجها وترتيبها - ومدقق فى مشايخنا فى تدوينها وتهذيبها
جزاه الله خير الجزاء - واسكنه بحبوبة جنانه فى الرغائب والنعماء - فالذى بين فهو بالاعتقاد
اولى والذى افصح فيها بحسن بيانها فهو بالاسناد والاحتجاج احرى - وترجمها الاديب
الاديب بجزالة اللفظ وبراعة المعنى ببيان طلق عجيب - له اليد الطولى فى البلاغة
والغاية القصوى فى البراعة - هو فى تنقيح الانشاء لا يحتاج الى الاوائل - وحقيق ان
اقول انه فى العلوم العربية بارع فاضل ومحقق بين العلماء والافاضل وهذا الكلام لا ريب فيه
ولا ظلام - بل انعقدت عليه عقود الزحام من العلماء الاعلام - كيف لا والسيد الممدوح الذى
صنف هذه الرسالة اروى واصل - وهو فى النسب فرعه ونسله - فذلك شمس و
هذا منها الاشراق - ليس بينهما فى الحقيقة افتراق - اشرف اسما وابو الشريف كنية
بنا نى حسى وحد سمى انه المنتسب الى الشمس فهو الشمسى فالشمس نجاره والقمر
رهنه والنجوم جواره - حفظه الله له العيش الاخضر واعطاه الابيض والاحمر -

تمت

رسالہ قول المحمود ۔ مصنفہ علامۃ العصر فاضل الدہر مولانا وجدنا الفاضل الحاج سید علی
تعالیٰ جس کو مولانا نے بلدۂ مبارکہ مکہ معظمہ مین تصنیف فرمایا تھا مولانا مولوی سید اشرف صاحب
بیجاپوری صاحب نے اس رسالہ کو اپنے قلم سے صحیح نقل کیا اور بعض قدردانون کے تحریک سے اُس کا ترجمہ بھی صا[ف]
و سلیس زبان اردو مین کیا ہے ایک زمانہ سے غیر مطبوعہ حالت مین پڑا ہوا تھا اگرچہ بعض بزرگان قو[م]
مثلاً جناب حسین شاہ میان صاحب اہل دائرہ نو و حاجی میان صاحب اہل کا لاڈیرہ نے اس رسالہ کو صرف
بلحاظ ہمدردی دین طبع کرنے کا عزم بالجزم کیا اور روپیہ فراہم کر کے مولانا مولوی سید اشرف صاحب
کی خدمت مین روانہ فرمایا تھا مگر عدم فرصت سے اس کی طبع کی طرف مولانا کو توجہ کرنے کا موقع نہ دیا تو انھو[ن] نے
روپیہ واپس کر دی بہرحال یہ رسالہ اب تک غیر مطبوع تھا بندہ نے مولانا ممدوح سے رسالہ مذکور لیکر خاص
اپنے صرفہ سے طبع کرایا ہے ۔

یہ رسالہ خوبی بیان و ادا و معانی و توضیح مسائل و تحقیق دلائل مین اپنا آپ نظیر ہے جو
صاحب اس رسالہ کو پڑھینگے وہ اُس کی دل و دین گے اور مصنف علامہ کی اس مختصر تصنیف کی
قدر کرین گے ۔

اور اس بندۂ ناچیز نے جو سعی اس رسالہ کی طبع و اشاعت مین کی ہے وہ قابل [تحسین]
خیال فرمائین گے ۔

الراقـــــــــــــــــم

چھجو میان ابن روشن میان صاحب نبیرہ مولانا سیدنا الفاضل العلامہ مصنف
القول المحمود ۔